34432 ـ گاڑی میں بلند آواز سے میوزک لگانا

سوال

گانے سننے کا حکم کیا ہے، اور جو لوگ اپنی گاڑی میں بلند آواز سے میوزک چلاتے ہیں ان کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

گاڑی میں بلند آواز سے میوزک چلانا علانیہ طور پر معصیت کرنے میں شامل ہوتا ہے، اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" میری ساری امت کو معاف کر دیا جائیگا، لیکن وہ شخص جو اعلانیہ طور پر معصیت کا مرتکب ہو اسے نہیں "

صحیح بخاری حدیث نمبر (6069) صحیح مسلم حدیث نمبر (2990).

اس حدیث میں ہر اس شخص کے لیے سخت وعید بیان ہوئی ہے جو برائی اعلانیہ طور پر کرتا ہے، اور اسے نشر کرتا اور پھیلاتا ہے، اور اس کی صراحت کرتا ہے، اور یہ مجاہر یعنی اعلانیہ طور پر معصیت کا مرتکب شخص نہ تو اللہ تعالی سے حیا کرتا ہے، اور نہ ہی اللہ کی مخلوق سے، اس لیے ایسے شخص کو اس سے روکنا اور اسے نصیحت کرنی چاہیے.

اللہ تعالی سے ہماری دعاء ہے کہ وہ مسلمانوں کی حالت سدھارے "

واللہ اعلم .